## ملک میں صحیح جمہوریت اس وقت تک نہیں آسکتی جب تک کرپٹ فیوڈوڈیموکریسی کا خاتمہ نہیں ہوتا۔الطاف حسین

## جوہمیں جنرل مشرف کا ساتھ دینے کا طعنہ دیتے ہیں انہوں نے خود جنرل ضیاءالحق کی گود میں پرورش پائی

## ملک کے ٹی وی چینلز پر مختلف مذاکرے ہوتے ہیں لیکن کوئی اس بات کونہیں اٹھاتا کہ فیوڈل ازم کو ختم ہونا چاہیے

## آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے تیسویں یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کی مزید تفصیلات

لندن۔۔۔15جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائدجناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ملک میں صحیح جمہوریت اس وقت تک نہیں آسکتی جب تک ملک سے کرپٹ فیوڈوڈیموکریسی کا خاتمہ نہیں ہوتا۔انہوں نے یہ بات لندن میں ایم کیوایم کی طلبہ تنظیم'' آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن'' کےتیسویں یوم تاسیس کے سلسلے میں منعقدہ اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔اجتماع میں لندن کے ساتھ ساتھ برمنگھم، مانچسٹر،شیفیلڈ اوردیگر شہروں میں مقیم پاکستانیوں نےسینکڑوں کی تعداد میں شرکت کی۔اجتماع سے خطاب کی مزید تفصیلات کےمطابق جناب الطاف حسین نے حاظرین کواے پی ایم ایس او کےتیسویں یوم تاسیس کی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ اے پی ایم ایس او 11جون 1978ء کوقائم ہوئی اور 11جون 2008ءکواسے قائم ہوئے 30سال گزر گئے۔انہوں نے کہا کہ اس 30سالہ جدوجہد میں بڑے نشیب وفراز آئے ، بڑی آزمائشیں آئیں،فوجی آپریشن ہوا،ایم کیوایم پرطرح طرح کےمن گھڑت اور بے بنیادالزامات لگائے گئے ، ہزاروں کارکنوں کوماورائے عدالت قتل کیا گیا،ہزاروں کوجیلوں میں قید کیا گیا،سینکڑوں جلاوطن ہوئے اورآج تک اپنے گھروں سے دورمختلف ممالک میں جلاوطن ہیں۔انہوں نے کہا کہ کوئی ایم کیوایم پر کتنے ہی الزامات لگائے اورایم کیوایم کوکتنا ہی برا کہے لیکن اس بات کوتسلیم کرتے ہیں کہ پاکستان کی 60سالہ تاریخ میں ایم کیوایم نے وہ کام کردکھایا جوکوئی اور جماعت نہیں کرسکی کہ اس نے غریب ومتوسط طبقہ کے پڑھے لکھے افرادکواسمبلیوں اورسینیٹ کےایوان میں جاگیرداروں کے برابر میں بٹھادیا۔انہوں نے کہا کہ ڈیموکریسی کا مطلب ڈیموکریسی عوام کی ،عوام میں سےاورعوام کیلئے ہےلیکن پاکستان میں بدقسمتی سے ڈیموکریسی نہیں بلکہ''فیوڈوڈیموکریسی''یعنی ڈیموکریسی فیوڈلزکی ، فیوڈلز میں سے اورفیوڈلز کیلئے ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک میں صحیح جمہوریت اس وقت تک نہیں آسکتی جب تک ملک سے کرپٹ فیوڈوڈیموکریسی کا خاتمہ نہیں ہوتا۔انہوں نے کہا کہ بےتحاشہ دولت رکھنے والے فیوڈلزکوملک اورعوام سےنہیں بلکہ اپنی پوزیشن اورکرسی سے پیار ہوتا ہے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان ایک زرعی ملک ہے لیکن جاگیرداروں اوروڈیروں کے پاس لاکھوں ایکڑ زمین بےکار پڑی ہے۔اگراس زمین کوان جاگیرداروں اوروڈیروں سے چھین کربےزمین ہاریوں اورکسانوں میں کاشت کیلئے تقسیم کردیا جائے تو ملک میں آٹے ، چاول،گندم اوردیگر اجناس کا مسئلہ حل ہوجائے گا۔انہوں نے کہا کہ ملک کے ٹی وی چینلز پرمختلف مذاکرے ہوتے ہیں لیکن کوئی اس بات کونہیں اٹھاتا کہ فیوڈل ازم کوختم ہونا چاہیے۔انہوں نے کہا کہ فیوڈل ازم کا شاخسانہ یہ ہے کہ کوئی غریب آدمی ہاؤس بلڈنگ سےقرضہ لیکرواپس نہ کرے تواس کا گھرنیلام کردیا جاتا ہےلیکن قومی خزانہ لوٹنے والے جاگیرداروں کے اربوں کھربوں روپے کےقرضے معاف کردیئے جاتے ہیں۔انہوں نے مثال دیتے ہوئے کہا کہ کراچی میں پچھلے دنوں ایک نوجوان نے بینک سے قرضہ لیااوروہ مقررہ وقت پرقرضہ ادانہ کرسکا جس پربینک کےلوگوں نے اس کوگھرپرجاکراس قدردھمکیاں دیں کہ اس نے پریشان ہوکرخودکشی کرلی۔انہوں نے کہا کہ دوسری طرف 60سال سے سرکاری بینکوں سے اربوں کھربوں روپے کےقرضے لیکرہڑپ کرجانے والے جاگیرداروں،سرمایہ داروں اور سیاست دانوں سے پوچھنے والاکوئی نہیں ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک پرایم کیوایم کی حکومت آئی تووہ جاگیرداروں اوروڈیروں کی زمینیں اورجاگیریں نیلام کرکےان سےلوٹی ہوئی رقم وصول کرے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ آج بعض سیاسی رہنما کہتے ہیں کہ فوج سیاسی معاملات میں کیوں ملوث ہورہی ہے،کل جب یہی بات ہم کہتے تھےتو ہم پر بہتان لگایا جاتا تھا کہ الطاف حسین فوج کےمقدس ادارے کے خلاف بات کرتا ہے، الطاف حسین غدار ہے، بھارت اوراسرائیل کاایجنٹ ہے۔انہوں نے کہا کہ آج کہا جاتا ہے کہ ایم کیوایم نے جنرل پرویزمشرف کا ساتھ دیاہےجبکہ حقیقت یہ ہے کہ جب تک جنرل پرویزمشرف ملک پر اکیلےحکمراں تھےتوایم کیوایم کاکوئی فردان کی حکومت میں شامل نہیں ہوا،حتیٰ کہ 2000ءمیں ہونے والے بلدیاتی انتخابات کابائیکاٹ بھی کیا۔انہوں نے کہا کہ جب2002ء میں عام انتخابات ہوئے اور پارلیمنٹ منتخب ہوئی توہم منتخب وفاقی اورصوبائی حکومت میں شامل ہوئے۔انہوں نے کہا کہ جوہمیں جنرل مشرف کا ساتھ دینے کا طعنہ دیتے ہیں جنہوں نے خود جنرل ضیاءالحق کی گود میں پرورش پائی۔انہوں نے کہا کہ اگرساری سیاسی ومذہبی جماعتیں اس بات کیلئے تیارہوں کہ سیاست میں فوج کی مداخلت کا سلسلہ مکمل طورپرختم کیا جائے توایم کیوایم بھی ان کےساتھ ہوگی لیکن یہ کوئی بات نہیں کہ ایک جنرل کوہٹاکردوسراجنرل لےآؤ۔ملک کی معاشی صورتحال کا ذکرکرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ عالمی سطح پرخوراک کی قلت ہورہی ہے جوایک خاموش سونامی کی طرح بڑھ رہا ہے، ملک میں غریب عوام طرح طرح کے مسائل کا شکار ہیں،ہمیں ان کےمسائل کے بارے میں سوچنا چاہیے،ہمیں غریبوں کوپانی بجلی پہنچانا ہے،غربت ومہنگائی اس قدرہوگئی ہے کہ روزانہ لوگ خودکشی کررہے ہیں، والدین بچوں کے گلے میں برائے فروخت

کے بورڈ لگا کر بازار میں آ گئے ہیں۔لوڈ شیڈنگ ہورہی ہے، بچے اندھیروں میں پڑھ رہے ہیں جس کی وجہ سے ان کی آنکھیں خراب ہورہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ اگر ہمیں ملک کے عوام سے ذرہ برابر بھی محبت ہے تو ہمیں عوام کے مسائل کے حل کے بارے میں سوچنا چاہیے۔ جناب الطاف حسین نے اجتماع میں موجود کارکنوں اور ہمدردوں سے کہا کہ وہ صرف اجتماعات میں شرکت ہی نہ کریں بلکہ تحریک کے پیغام کومزید علاقوں میں پھیلائیں اور پاکستان کو بچانے کیلئے جوممکن ہوسکے کوشش کریں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ہماری کوششوں کوکامیاب کرے اورکسی طرح پاکستان بچ جائے ۔ جناب الطاف حسین نے یوم تاسیس کے اجتماع کے شاندار انعقاد پر ایم کیوایم یوکے کے ذمہ داروں اور تمام کارکنوں کوزبردست خراج تحسین پیش کیا اوراجتماع میں شرکت کیلئے دوردور سے تشریف لانے پر حاظرین کا بھی شکریہ ادا کیا۔اجتماع سے ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے سینئر ڈپٹی کنوینز طارق جاوید، رابطہ کمیٹی کے ارکان سلیم شہزاد، محمد انور، سید طارق میر، ایم کیوایم یوکے کے آرگنائزرڈاکٹرسلیم دانش نے بھی خطاب کیا جبکہ رابطہ کمیٹی کے ارکان جاوید کاظمی، مصطفیٰ عزیزآبادی، یوکے کے جوائنٹ آرگنائزرعظمت بیگ، انٹرنیشنل سیکریٹریٹ کے ارکان قاسم علی رضا اورارشد حسین نے تحریکی نظمیں پڑھیں ۔نظامت کے فرائض یوکے یونٹ کے کارکن غلام صمدانی نے انجام دیئے جبکہ حافظ مسرورالحسن نے تلاوت قرآن مجید کی۔

## حق پرست عوام محترمہ راشدہ اکبر کی صحت یابی کیلئے دعا کریں،الطاف حسین

لندن۔۔۔15، جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ شعبہ خواتین کی رکن محترمہ راشدہ اکبر کی علالت پر گہری تشویش کا اظہار کیا ہے اوران کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے دعا کی ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے حق پرست ماؤں، بہنوں، بزرگوں اور کارکنوں سے اپیل کی کہ وہ محترمہ راشدہ اکبر کی جلد ومکمل صحت یابی کیلئے خصوصی دعا کریں۔

## ایکس سروس مین قبائلی علاقہ جات میں امریکی جارحیت کا مقابلہ کریں،محمد انور
## ریٹائرڈ جرنیل، لیفٹنٹ جرنیل،آئی ایس آئی اورایم آئی کے سربراہان جنگی مہارت رکھتے ہیں

لندن۔۔۔15، جون2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن اورایم کیوایم انٹرنیشنل ریلیشن کے شعبہ کے کوآرڈینیٹر محمد انور نے ایکس سروس مین سوسائٹی کے ریٹائرڈ فوجی افسران اور جرنیلوں سے اپیل کی ہے کہ وہ قومی غیرت وحمیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے قبائلی علاقہ جات میں امریکی جارحیت کا مقابلہ کریں اور ملک وقوم کے دفاع کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتیں بروئے کار لائیں۔ ایک بیان میں ایم انور نے کہا کہ بڑے بڑے فوجی عہدوں پر فائز ریٹائرڈ جرنیل، لیفٹنٹ جرنیل، آئی ایس آئی اورایم آئی کے سربراہان نہ صرف یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ وہ بہادراور تجربہ کار ہیں بلکہ جنگی مہارت بھی رکھتے ہیں لہٰذا انہیں امریکہ جارحیت کے خلاف اپنی ہمت کا مظاہرہ کرنا چاہئے ۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان ایٹمی طاقت ہے اوراس کے باوجود قبائلی علاقہ جات میں امریکی بمباری کے باعث فوجیوں سمیت شہریوں کی بڑی تعداد شہید ہورہی ہے اور یہ ریٹائرڈ افسران کہتے رہے ہیں کہ صدر پرویزمشرف نے امریکہ کے آگے گھٹنے ٹیک دیئے ہیں لہٰذا وقت کا تقاضا ہے کہ ایکس سروس مین سوسائٹی کے یہ افسران قومی غیرت وحمیت کا مظاہرہ کرتے ہوئے قبائلی علاقہ جات میں امریکی جارحیت کا مقابلہ کریں اور وہاں جاکر اپنی پوزیشن سنبھالیں۔محمد انور نے کہا کہ ماضی میں ان ریٹائرڈ فوجی افسران نے قوم کو مایوس کیا تھا اور اب انہیں قدرت نے اپنا کھویا ہوا وقار بحال کرنے دوبارہ موقع دیا ہے تو تمام ایکس سروس مین کو ہمت کا مظاہرہ کرنا چاہئے اورقومی سلامتی وبقاء کیلئے اپنی خدمات پیش کرنی چاہئے تاکہ ملک بھر کے عوام جان لیں کہ یہ ریٹائرڈ فوجی افسران نہ صرف بہادراور غیرت مند ہیں بلکہ قومی سلامتی کا دفاع بھی کرنا جانتے ہیں۔

## کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن اقبال مودی مرحوم کو آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا، مرحوم کا سوئم کل ہوگا
## مرحوم کی نماز جنازہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی گئی، ایم کیو ایم کے ذمہ داران وکارکنان نے نائن زیرو پر آخری دیدار کیا
## نماز جنازہ اور تدفین میں رابطہ کمیٹی، وزراء، مشیران، اراکین اسمبلی، ونگز وشعبہ جات اور حق پرست نمائندوں کی شرکت

کراچی ۔۔۔15، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن اور ایم کیو ایم کے سینئر کارکن اقبال مودی مرحوم کو اتوار کے روز بعد نماز ظہر عزیز آباد کے شہداء قبرستان میں ہزاروں سوگواروں کی آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ جناح گراؤنڈ عزیز آباد میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اور تدفین میں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی پاکستان کے جوائنٹ انچارج عبدالحسیب، سید شعیب احمد بخاری، بابر خان غوری، عادل صدیقی، نیک محمد، ڈاکٹر نصرت، اشفاق منگی، حق پرست صوبائی وزیر رضا ہارون، عسکری تقوی، صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن، سابق ارکان قومی وصوبائی اسمبلی، ٹاؤن ناظمین، نائب ناظمین، یوسی ناظمین، نائب ناظمین ، کونسلرز، ایم کیو ایم کے مختلف شعبہ جات کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ اس سے قبل خدمت خلق فاؤنڈیشن کی ایمبولینس کے ذریعہ ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو لایا گیا جہاں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان، ایم کیو ایم کے مختلف ونگز وشعبہ جات کراچی تنظیمی کمیٹی، اندرون سندھ تنظیمی کمیٹی، کراچی مضافاتی کمیٹی، پختون پنجابی آرگنائزنگ کمیٹی، پنجاب، سرحد اور بلوچستان کونسل کمیٹی، شعبہ خواتین، لیبر ڈویژن، اے پی ایم ایس او، ایلڈرز ونگ، میڈیکل ایڈ، لیگل ایڈ، الیکشن سیل، ایمپلائمنٹ سیل، ایڈمن کمیٹی، شعبہ اطلاعات، میڈیا کمیٹی، کمیونیکیشن اینڈ میڈیا مینجمنٹ ونگ، بورڈ کمیٹی، ٹرانسپورٹ کمیٹی کے علاوہ دیگر شعبہ جات کے ذمہ داران اور کارکنان نے مرحوم کا آخری دیدار کیا۔ اس موقع پر انتہائی رقت آمیز مناظر دیکھنے میں آئے ۔ ایم کیو ایم کے ذمہ داران، کارکنان اور مرحوم کے عزیز واقارب شدت غم سے شدید نڈھال تھے اور پھوٹ پھوٹ کر رورہے تھے جنہیں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور دیگر ذمہ داران نے دلاسہ دیا۔ بعدازاں اقبال مودی مرحوم کے جسد خاکی خدمت خلق فاؤنڈیشن کی میت بس کے ذریعے آخری آرام گاہ عزیز آباد کے شہداء قبرستان لیجایا گیا جہاں مرحوم کو سپرد خاک کردیا گیا۔ مزید برآں اقبال مودی مرحوم کی فاتحہ سوئم 16، جون بروز پیر بعد نماز عصر مرحوم کی رہائشگاہ واقع گلشن اقبال بلاک A-4 مکان نمبر 105 نزد پٹیل اسپتال احمد پارک میں ہوگا جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔ دریں اثناء ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے کارکنان اور حق پرست ماؤں بہنوں اور بزرگوں سے اپیل کی کہ وہ اقبال مودی مرحوم کے سوئم میں بھرپور شرکت کریں۔

## نواز شریف ملک توڑنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں، حق پرست ارکان سندھ اسمبلی

کراچی ۔۔۔15، جون 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان سندھ اسمبلی نے کہا ہے کہ مسلم لیگ (ن) کے رہنماء میاں نواز شریف ملک توڑنے کی گھناؤنی سازش کررہے ہیں۔ اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ نواز شریف نے حالیہ بیان میں کہا ہے کہ ججز بحال نہ ہوئے تو ملک سقوط مشرقی پاکستان سے بھی بڑے سانحہ کا شکار ہوسکتا ہے اور اس بیان سے صاف ظاہر ہے کہ نواز شریف ملک توڑنے کی سازش میں مصروف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر کے عوام غربت اور افلاس کا شکار ہیں، بڑھتی ہوئی مہنگائی سے پریشان ہیں اور ملک میں پانی اور بجلی کے بحران کے باعث عوام کی زندگیاں عذاب بن گئی ہیں لیکن نواز شریف اور مسلم لیگ کے دیگر رہنماء عوامی مسائل کو پس پشت ڈال کر اپنے من پسند ججوں کو بحال کرانا چاہتے ہیں اور ججوں کی بحالی کو سانحہ مشرقی پاکستان سے جوڑ کر ملک وقوم کے خلاف گھناؤنی سازشیں کررہے ہیں جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔ حق پرست ارکان قومی اسمبلی نے صدر پرویز مشرف اور وزیراعظم یوسف رضا گیلانی سے مطالبہ کیا کہ نواز شریف کے حالیہ بیان کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قومی سلامتی کے خلاف سازشیں کرنے والوں کے خلاف قانونی کارروائی کی جائے۔

☆☆☆☆☆